© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

## کشکولِ کلیمی

تالیف : شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی

تصحیح و تحشیہ : پروفیسر ملک محمد اقبال

ناشر : مجلس خادمانِ اصفیاء این ۔ کے ۔ ۲۵۱ نیو کٹاریاں، راولپنڈی ۔

صفحات : ۱۲۸ (جیبی سائز)

شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی (م ۱۱۴۲ھ) چشتی سلسلۂ صوفیا کے ایک عظیم المرتبت بزرگ ہیں ۔ ان سے تصوف کے موضوع پر مختلف کتابیں یادگار ہیں مثلاً عشرۂ کاملہ، مرقع، سواد السبیل اور کشکول ۔ شیخ موصوف کی ان سب کتابوں میں کشکول کو سب سے زیادہ مقبولیت حاصل رہی ہے اور حلقۂ صوفیا میں اسے دستور العمل کی حیثیت سے پڑھا جاتا ہے ۔ خود مؤلف نے لکھا ہے:

"یہ ایک کشکول ہے جس کے لقمے لطیفہ ربانی کو طاقت بخشتے ہیں اور نفسِ ناطقہ کو قوت دیتے ہیں ۔ مجازی ایمان کے پیکر میں حقیقی ایمان کی روح پھونک دیتے ہیں مُردہ دلوں کو حیاتِ جاودانی عطا کرتے ہیں اور خواہشاتِ نفسانی کے بیماروں کو روحانی شفا دیتے ہیں ۔" (ص : ۷)

پروفیسر ملک محمد اقبال تصوف کا عمدہ ذوق رکھتے ہیں اور اسلامی تصوّف کے ماخذوں پر اُن کی گہری نظر ہے ۔ انہوں نے ۱۲۳۶ھ کے ایک خطی نسخے کو متن بنا کر چار دوسرے نسخوں کا اختلاف حواشی میں واضح کیا ہے ۔ پروفیسر صاحب نے ترتیب و تدوین کے جملہ تقاضے بحسن و خوبی پورے کئے ہیں ۔ کتاب کے آخری چند صفحوں میں کشکول کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔

(اختر راہی)

© rasailojaraid.com